Directorate of Education, GNCT of DELHI

Suggestive Answers

CLASS: X

SUBJECT: URDU-B (303)

Time: 2 Hrs. **M.M.: 40**

حصّہ: الف (Part: A)

جواب نمبر1۔

i. ساہاسیوراتالی ضلع ڈھاکا میں پیدا ہوئے جواب بنگلہ دیش میں ہے۔

ii. ساہا کے والد پرچون کی دکان چلاتے تھے۔

iii. ساہا کے استادوں نے ان کے والد سے اصرار کیا کہ وہ ساہا کو تعلیم ضرور دلائیں کیوں کہ وہ بہت ہونہار طالب علم تھے۔

iv. لیکچر نوٹس تیار کرتے وقت ساہا کے سامنے 'ایسٹروفزکس' کا مسئلہ آیا۔

v. ایسٹروفزکس ستاروں کی نوعیت، ان کی گرمی، ان کی اندرونی بناوٹ اور وہ کن کن چیزوں سے مل کر بنے ہیں وغیرہ کا مطالعہ کرتی ہے۔

یا

i. شاعر نے جہالت کے کانٹوں کو کاٹ کر پھینکنے کی بات کی ہے۔

ii. شاعر علم کے پھولوں سے نیا باغ کھلانے کی ترغیب دے رہا ہے۔

iii. علم سے جنگل کو بھی گلزار بنایا جا سکتا ہے۔

iv. شاعر نے کہا ہے کہ اگر کوئی ان پڑھ آپ کو مل جائے تو اس کو پڑھا دینا چاہیئے۔

v. شاعر نے انسان کے لیے علم کی تجلی کو ضروری قرار دیا ہے۔

جواب نمبر2۔

i. یہ اقتباس 'کاٹھ کا گھوڑا' سبق سے لیا گیا ہے۔

ii. وزیر سے باتیں کرنے والے لوگ اس لیے خوش ہو رہے تھے کیونکہ راستہ بند ہونے کی وجہ سے وزیر کی کار کھڑی تھی اور سب کو وزیر کے سامنے اپنی بات رکھنے کا پورا پورا موقع مل رہا تھا۔

iii. ریلوے کا ڈرائیور بار بار اپنی سائیکل کا پہیّہ اس لیے پٹک رہا تھا کیوں کہ اس کو بہت دیر ہو رہی تھی۔

iv. اسکول اور کالجوں کے بچے اس لیے خوش ہو رہے تھے کیوں کہ ان کو پڑھائی سے بچنے کا موقع مل گیا تھا۔

v. وزیر بار بار اپنی گھڑی اس لیے دیکھ رہا تھا کیوں کہ کسی غیر ملکی وفد سے ملنے کا وقت قریب آ رہا تھا۔

یا

i. بشرؔ نواز

ii. قدم بڑھاؤ دوستو کے ذریعے شاعر لوگوں کو جانبِ منزل بڑھنے اور ہمت سے کام لینے کی ترغیب دے رہا ہے۔

iii. اس کا مطلب ہے کہ آپ مشکلات سے بالکل نہ گھبرائیں۔ راستے میں پہاڑ آئے یا غار، آپ اس کی پرواہ کیے بغیر مسلسل جانبِ منزل آگے بڑھتے رہیں۔

iv. شاعر نے وطن کی خاک کو گلستاں بنانے کی بات کی ہے۔

v. سفر کی ابتدا میں شاعر نے راستے میں نہ رکنے کی تاکید کی ہے۔

حصّہ: ب (Part-B)

ہدایت: اس حصّے کے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔

جواب نمبر 3۔ **مذکر مؤنث:**

مذکر	مؤنث
والد	والدہ
دھوبی	دھوبن
مور	مورنی
دادا	دادی

جواب نمبر 4۔ **واحد جمع:**

جمع	واحد
آلات	آلہ
اطلاعات	اطلاع
کتب	کتاب

جواب نمبر 5۔ **محاورہ:**

محاورہ	معنی
کھوپڑی میں نہ سمانا	سمجھ میں نہ آنا
میدان چھوڑنا	لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا
بغلیں جھانکنا	شرمندہ ہونا

جواب نمبر 6۔ بے خبر بے وفا

جواب نمبر 7۔ **خط/درخواست:**

خط یا درخواست کا خاکہ	1
نفس مضمون:	2
اختتام :	1
کل نمبر:	**4**

جواب نمبر 8۔ مضمون:

تمہید و تعارف:	1
نفس مضمون:	3
زبان و بیان:	1
اختتام:	1
کل نمبر:	**6**

حصّہ: ج (Part-C)

ہدایت: درج ذیل سوالات میں سے صرف چھے (6) سوالوں کے جواب لکھیے۔ سبھی سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔ (6×2=12)

جواب نمبر 9۔ بشر نواز کا اصل نام بشارت نواز خاں ہے۔

جواب نمبر 10۔ اونتی نے کہا کہ میرے گدھے کا اگلا دایاں قدم جس جگہ ہے وہی زمین کا مرکز ہے۔

جواب نمبر 11۔ شاعر کہنا چاہتا ہے کہ بے شمار کوششوں کے باوجود بھی اُسے پریشانی کا کوئی حل نظر نہیں آرہا ہے۔

جواب نمبر 12۔ بریل کو لوئی بریل نے ایجاد کیا تھا۔

جواب نمبر 13۔ موڈیم ایک آلہ ہے جو کمپیوٹر کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو ایک خاص قسم کے اشاروں میں تبدیل کر دیتا ہے۔

جواب نمبر 14۔ زمین کے برفستان بن جانے پر جانداروں کا برا حال ہوا، ان میں سے اکثر تو برف کے نیچے دفن ہو گئے۔

جواب نمبر 15۔ ہم جو اے۔ٹی۔ایم۔ استعمال کرتے ہیں یہ انٹرنیٹ کے ذریعے ہی کام کرتا ہے۔ ہمارا بینک کھاتا دنیا کے کسی بھی حصّے میں ہو اسے انٹرنیٹ کے ذریعے کہیں سے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

جواب نمبر 16۔ سفید چھڑی نابینا لوگوں کی پہچان ہے۔ اس چھڑی کو دیکھ کر لوگ انہیں راستہ دے دیتے ہیں اور ضرورت ہونے پر انہیں ان کی منزل تک پہنچا دیتے ہیں۔

جواب نمبر 17۔ بھٹنڈہ کے گورنر التونیہ نے رضیہ کی حکومت کے خلاف بغاوت کر دی تھی جسے ختم کرنے کے لیے رضیہ کی فوج نے بھٹنڈہ کے گورنر التونیہ کی فوج کا مقابلہ کیا۔

جواب نمبر 18۔ مرزا اسد اللہ خاں غالب